نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا

"جو شخص استطاعت رکھنے کے باوجود قربانی نہ کرے، وہ ہماری عید گاہ کے قریب نہ آئے"

عربی خطبہ عید الاضحی

مع مختصر مسائل

خالق کی بات مخلوق تک

مجلس خطباء اہلسنت پاکستان

کی طرف سے تمام علماء وخطباء کرام کو

عید الاضحی مبارک۔

عید الاضحیٰ پہلا خطبہ

اَللّٰہُ أَكْبَرْ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ. اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِيْ جَعَلَ مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰہِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ الْأَنْعَامِ، وَ عَلَّمَ التَّوْحِيْدَ وَ أَمَرَ بِالْإِسْلَامِ، اَللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ لَآ إِلٰہَ إِلاَّ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ۞ وَ نَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰہُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ نَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ الَّذِيْ هَدَانَا إِلٰى دَارِ السَّلَامِ ۞ اَللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ لَآ إِلٰہَ إِلاَّ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ۞ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ أَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ قَامُوْا بِإِقَامَةِ الْأَحْكَامِ وَ بَذَلُوْا أَنْفُسَهُمْ وَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰہِ فَيَالَهُمْ مَنْ كِرَامٍ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ۞ اَللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ لَآ إِلٰہَ إِلاَّ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ۞

أَمَّا بَعْدُ! فَاعْلَمُوْا أَنَّ يَوْمَكُمْ هٰذَا يَوْمُ عِيْدٍ شُرِعَ لَكُمْ فِيْهِ مَعَ أَعْمَالٍ أُخَرَ ذَبْحُ الْأُضْحِيَّةِ بِالْإِخْلَاصِ وَ صِدْقِ النِّيَّةِ، وَ بَيَّنَ نَبِيُّهٗ وَ صَفِيُّهٗ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وُجُوْبَهَا وَ فَضَائِلَهَا، وَ دَوَّنَ عُلَمَآءُ أُمَّتِهٖ مِنْ سُنَنِهٖ فِيْ كُتُبِ الْفِقْهِ مَسَائِلَهَا ۞ اَللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ لَآ إِلٰہَ إِلاَّ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ۞ فَقَدْ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَ السَّلَامُ: مَا عَمِلَ آدَمِيٌّ مِنْ عَمَلٍ يَوْمَ النَّحْرِ أَحَبَّ إِلَى اللّٰہِ مِنْ إِهْرَاقِ الدَّمِ، وَ إِنَّهَا لَتَأْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِقُرُوْنِهَا وَ أَشْعَارِهَا وَ أَظْلَافِهَا، وَ إِنَّ الدَّمَ لَيَقَعُ مِنَ اللّٰہِ بِمَكَانٍ قَبْلَ أَنْ يَّقَعَ مِنَ الْأَرْضِ فَطِيْبُوْا بِهَا نَفْسًا اَللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ لَآ إِلٰہَ إِلاَّ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ أَكْبَرْ اَللّٰہُ أَكْبَرْ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ ۞ وَ قَالَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا هٰذِهِ الْأَضَاحِيْ؟ قَالَ: سُنَّةُ أَبِيْكُمْ إِبْرَاهِيْمَ، قَالُوْا: فَمَا لَنَا فِيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ: بِكُلِّ شَعْرَةٍ حَسَنَةٌ، قَالُوْا: فَالصُّوْفُ يَارَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ:

بِكُلِّ شَعْرَةٍ مِنَ الصُّوْفِ حَسَنَةٌ ۞ اَللّٰہ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ لَآ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ ۞ وَ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلاَةُ وَالسَّلاَمُ: مَنْ وَّجَدَ سَعَةً لِأَنْ يُّضَحِّيَ فَلَمْ يُضَحِّ فَلاَ يَحْضُرْ مُصَلَّانَا ۞ اَللّٰہ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ لَآ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ ۞ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: اَلْأَضَاحِي يَوْمَانِ بَعْدَ يَوْمِ الْأَضْحىٰ ۞

وَ هٰذَا بَعْضٌ مِّنَ الْفَضَائِلِ، وَ تَعَلَّمُوْا مِنَ الْعُلَمَاءِ الْمَسَائِلَ ۞ اللّٰهُ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ لَآ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ ۞ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۞﴿**لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْ مُهَا وَلاَ دِمَآؤُ هَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوىٰ مِنْكُمْ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَاهَدٰكُمْ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ**﴾۞ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَ لَكُمْ فِي الْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ وَ نَفَعَنَا وَ إِيَّاكُمْ بِالْآيَاتِ وَ الذِّكْرِ الْحَكِيْمِ. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِيْ وَ لَكُمْ وَ لِسَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاسْتَغْفِرُوْهُ إِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.

عید الاضحیٰ دوسرا خطبہ

اَللّٰهُ أَكْبَر، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَ نَسْتَعِيْنُهٗ وَ نَسْتَغْفِرُهٗ وَ نُؤْمِنُ بِهٖ وَ نَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَيِّاٰتِ أَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَ مَنْ يُّضْلِلْهُ فَلا هَادِيَ لَهٗ ۞ وَ نَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ ۞ وَ نَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلىٰٓ آلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْماً كَثِيْراً كَثِيْراً. اَللّٰہ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ لَآ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰہ أَكْبَرْ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ.

أَمَّا بَعْدُ! فَإِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ ۞ وَ أَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۞ وَ شَرَّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا ۞ وَ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلاَلَةٌ وَ كُلَّ ضَلاَلَةٍ فِي النَّارِ. اَللّٰہ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ لَآ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ أَكْبَرْ اَللّٰہ أَكْبَرْ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ ۞ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْم ۞ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞﴿**إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ**

وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَائِهَا وَ عَافِيَةِ الْأَبْدَانِ وَ شِفَائِهَا وَ نُوْرِ الْأَبْصَارِ وَ ضِيَآئِهَا ۞ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ ۞ وَ ارْضَ اللّٰهُمَّ عَمَّنْ هُوَ أَفْضَلُ الْبَشَرِ بَعْدَ الْأَنْبِيَاءِ بِالتَّحْقِيْقِ رَفِيْقُهٗ فِي الْغَارِ وَ أَنِيْسُهٗ أَبُوْبَكْرٍ الصِّدِيْقُ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۞ وَ عَنِ النَّاطِقِ بِالصِّدقِ وَ الصَّوَابِ الْفَارِقِ بَيْنِ الْحَقِّ وَ الْبَاطِلِ الْأَوَّاهِ الْأَوَّابِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۞ وَ عَنْ كَامِلِ الْحَيَآءِ وَ الْإِيْمَانِ جَامِعِ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۞ وَ عَنْ إِمَامِ الْمَشَارِقِ وَ الْمَغَارِبِ أَسَدِ اللهِ الْغَالِبِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهٗ ۞ وَ عَنِ السَّعِيْدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ سَيِّدَيْ شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ: الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا ۞ وَ عَنْ أُمِّهِمَا الْبَتُوْلِ الزَّهْرَآءِ بِضْعَةِ جَسَدِ النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ الْعَزِيْزَةِ الْغَرَّآءِ سَيِّدَتِنَا فَاطِمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا ۞ وَ عَنْ عَمَّيْهِ الْمُكَرَّمَيْنِ: أَبِيْ عُمَارَةَ سَيِّدِنَا حَمْزَةَ وَ أَبِيْ الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا ۞ وَ عَنِ السِّتَّةِ الْبَاقِيَةِ مِنَ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ ۞ وَ عَنْ سَآئِرِ الصَّحَابَةِ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنِ وَ أَتْبَاعِهِمْ وَتَابِعِيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ ۞ اَللهُ أَكْبَرْ اَللهُ أَكْبَرْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَ اللهُ أَكْبَرْ اَللهُ أَكْبَرْ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ. **﴿رَبَّنَا لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلاًّ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾** اَللّٰهُمَّ انْصُرِ الْإِسْلَامَ وَ الْمُسْلِمِيْنَ ۞ **﴿رَبَّنَا لاَ تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ﴾** ۞ عِبَادَ اللهِ! رَحِمَكُمُ اللهُ ۞ **﴿اِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ﴾** ۞ اُذْكُرُوا اللهَ يَذْكُرْكُمْ وَ ادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ، وَ لَذِكْرُ اللهِ تَعَالٰى أَعْلٰى وَ أَوْلٰى وَ أَعَزُّ وَ أَجَلُّ وَ أَتَمُّ وَ أَهَمُّ وَ أَكْبَرُ ۞

اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ، اَللّٰهُ أَكْبَرْ ۞

نمازعید کے مختصر مسائل

نمازِ عید کا طریقہ کیا ہے؟

عید کی نماز دو رکعت ہے، اس کا طریقہ عام نمازوں کی ہی طرح ہے، البتہ اس نماز میں چھ تکبیریں زائد ہوتی ہیں (تین پہلی رکعت میں قراءت سے پہلے اور تین دوسری رکعت میں رکوع سے پہلے) یہ تکبیرات واجب ہیں، اور ان کا ثبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور کئی تابعین کرام سے ہے۔ **(مسند احمد، شرح معانی الآثار، مصنف ابن ابی شیبہ، مصنف عبد الرزاق، مبسوط سرخسی، کتاب الآثار، اوجز المسالک وغیرہ)**

پہلی رکعت

نماز کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے دل میں یا زبان سے نیت کرلے کہ "دو رکعت عید کی واجب نماز، چھ واجب تکبیروں کے ساتھ اس امام کے پیچھے پڑھتا ہوں" اس کے بعد تکبیر تحریمہ یعنی "اللّٰہ أکبر" کہہ کر ہاتھ باندھ لے، پھر ثناء، یعنی: "سبحنک اللھم ...الخ" پڑھ کے تین بار "اللّٰہ أکبر" کہے، پہلی اور دوسری بار کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر نیچے لٹکا دے، البتہ تیسری بار ہاتھ نہ لٹکائے، بلکہ باندھ لے، اس کے بعد امام "أعوذ باللّٰہ" اور "بسم اللہ" پڑھ کے قرات کرے اور حسبِ قاعدہ پہلی رکعت پوری کرے۔

دوسری رکعت

دوسری رکعت میں قرات کرنے کے بعد رکوع سے پہلے اسی طرح تین مرتبہ "اللّٰہ أکبر" کہے جیسے پہلی رکعت میں کیا تھا،

البتہ یہاں تینوں مرتبہ ہاتھ اُٹھا کر چھوڑ دے اور چوتھی بار رکوع کی تکبیر "اللّٰہ أکبر" کہہ کر رکوع میں چلا جائے اور حسبِ قاعدہ نماز مکمل کرے۔

امام اگر تکبیرات بھول جائے

عیدین کی نماز میں جو زائد تکبیرات کہی جاتی ہیں وہ واجب ہیں۔ نماز میں کوئی واجب چھوٹ جائے تو اس کی تلافی سجدۂ سہو سے ہو جاتی ہے، لیکن فقہاء نے لکھا ہے کہ چوں کہ جمعہ اور عیدین کی نماز میں بڑا مجمع ہوتا ہے، اگر امام سجدۂ سہو کرے گا تو دور رہنے والے بہت سے نمازی سمجھ نہیں پائیں گے اور ان کی نماز میں خلل ہو گا، اس لیے ان نمازوں میں سجدۂ سہو نہیں کیا جائے گا:

لاَ يُسْجَدُ لِلسَّهْوِ فِي الْعِيْدَيْنِ وَالْجُمُعَةِ لِئَلاَّ يَقَعَ النَّاسُ فِي الْفِتْنَةِ ۔

''عیدین اور جمعہ کی نمازوں میں سجدۂ سہو نہیں کیا جائے گا، تا کہ لوگ انتشار میں نہ مبتلا ہوں۔''

لیکن اگر مسجد یا میدان چھوٹا ہے اور سجدہ سہو کرنے سے انتشار کا اندیشہ نہیں تو احتیاطاً سجدہ سہو کر لینا مقتدیوں کے لیے تسکین اور اطمینان قلب کا باعث ہو گا۔

مسبوق کے نماز عید میں شامل ہو کر تکبیرات پوری کرنے کا طریقہ

اگر عیدین کی نماز میں کسی کی پہلی رکعت چھوٹ جائے تو وہ امام کے سلام کے بعد کھڑے ہو کر پہلے ثناء، اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورہ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھے، پھر تین تکبیرات زوائد کہہ کر رکوع کرے، اور بقیہ نماز پوری کرے۔ فتویٰ اسی پر ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ وغیرہ نے یہی طریقہ لکھا ہے۔

البتہ مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن صاحب رحمہ اللہ نے عیدین کی نماز کی ایک رکعت نکل جانے کی صورت میں اسی ترتیب پر ادا کرنے کی اجازت لکھی ہے جس ترتیب پر عام نماز ادا کی جاتی ہے، یعنی پہلے ثناء پڑھے، پھر تکبیرات اور پھر تعوذ وتسمیہ پھر تلاوت۔ لہٰذا اگر کسی شخص نے اس ترتیب کے مطابق چھوٹی گئی رکعت ادا کرلی تو اس کی گنجائش ہو گی۔

اور اگر دوسری رکعت میں اس وقت شریک ہو جب امام رکوع میں ہو تو اگر اس کا غالب گمان یہ ہے کہ زائد تکبیرات کہہ کر رکوع میں امام کو پالے گا تو قیام کی حالت میں زائد تکبیرات کہہ کر رکوع میں جائے اور اگر امام کے ساتھ رکوع فوت ہونے کا خطرہ ہو تو رکوع میں چلا جائے اور رکوع ہی کی حالت میں زائد تکبیرات کہے اور اگر زائد تکبیرات مکمل ہونے سے پہلے امام رکوع سے اٹھ جائے تو بقیہ تکبیرات چھوڑ دے اور امام کی اتباع کرے اور پھر امام کے سلام پھیرنے کے بعد فوت شدہ رکعت کی پہلی صورت میں ذکر کی گئی ترتیب پر قضا کرلے۔

اور اگر دوسری رکعت میں امام کے رکوع سے اٹھ جانے کے بعد جماعت میں شریک ہوا تو امام کے سلام پھیرنے کے بعد دونوں فوت شدہ رکعتوں کی اسی ترتیب پر قضا کرے جس ترتیب پر امام کے ساتھ عید کی نماز ادا کی جاتی ہے۔